# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-810
موضوع: مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کی اہلیت
زمرہ: طلبا
جاری کردہ: 29 جون، 2009

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-810، مورخہ 22 جولائی، 2005 کی جگہ لے رہا ہے۔

یہ ضابطہ مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے طلبا کی اہلیت کے قوانین، وفاقی قواعد، اور ریاستی رہنما خطوط کی تکمیل کرنے کے لیے قانونی اور ضوابط کے مطلوبات کو قائم کرتا ہے۔

تبدیلیاں:

- ضابطہ عارضی نگہداشت میں رہنے والے بچوں کے علاوہ، اسکول فوڈ اتھارٹی کے زیرِ انتظام تمام بچوں کے لیے اہلِ خانہ یا کنبے کی درخواستوں کو استعمال کرنے کے لیے مطلوبات کا اضافہ کرتا ہے۔ یہ مفت اور رعایتی قیمت پر کھانے کے لیے دوبارہ تشکیل کردہ اسکول کے کھانے کی درخواست (SD 1041) کی بھی وضاحت کرتا ہے جس کے لیے کنبوں کو ایک ہی اسکول میں جانے والے تمام بچوں کے لیے صرف ایک فارم مکمل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس ضابطے کے لیے، اس فارم کا حوالہ بطور اسکول کے کھانوں کی درخواست کے دیا جائے گا۔
- اس ضابطے میں تارکینِ وطن، بے گھر، یا گھر سے بھاگے ہوئے بچوں کو خود کار طور پر مفت کھانے کے لیے اہل ہونے کے لیے نئے طریقہ کار کا اضافہ کیا گیا ہے۔
- ضابطہ ہیڈ اسٹارٹ میں مندرج اور کھانے کے پروگرام میں شرکت کرنے والے بچوں کی خودکار طور پر مفت اہلیت کا اضافہ کرتا ہے۔
- ضابطے میں اسکول کی سطح پر ATS اور NPSIS میں کھانے کے کوڈ کے اندراج کے طریقہ کار میں ایک تجدید شامل ہے۔
- یہ ضابطہ نئے اسکیننگ اور آن لائن درخواست پر کارروائی کے نظاموں کا اضافہ کرتا ہے جو اہلیت کے تعین کے عمل کو خودکار بناتے ہیں۔

## خلاصه

قومی اسکول ناشتا اور دوپہر کے کھانے (لنچ) کے پروگراموں میں شرکت کرنے والی ہر ایک مقامی اسکول فوڈ اتھارٹی کے لیے ان پروگراموں کی کارفرمائی کرنے والے قوانین، وفاق ضوابط، اور ریاستی رہنما خطوط کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔ان قانونی اور انصباطی مطلوبات کی تکمیل کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں اسکول کے کھانے کے پروگراموں اور ساتھ ہی دیگر وفاقی پروگراموں میں محکمئہ تعلیم کو کئی ملین ڈالرز کا نقصان ہو سکتا ہے۔

ان پروگراموں کے ذریعے بچوں کی مفت کھانے کے اہلیت کا تعین کیا جاتا ہے (1) عوامی امداد / فوڈ اسٹیمپ فائلوں کے ساتھ کمپیوٹر میچ؛ یا (2) والدین یا سرپرست کے ذریعے اسکول کے کھانے کی درخواست (SD1041)؛ میں فراہم کردہ کنبے کی آمدنی؛ یا (3) والدین یا سرپرست کے ذریعے اسکول کے کھانے کی درخواست میں فراہم کردہ عوامی امداد / فوڈ اسٹیمپ کا مستند کیس نمبر یا (4) مستند براہِ راست تصدیقی خط۔

### I. عوامی امداد فائلوں کو کمپیوٹر میں میچ کرنا

A. ہر سال، محکمہ تعلیم عوامی امداد موصول کرنے والے گھرانوں کے تمام بچوں کی فہرست حاصل کرے گا (ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی مدد (TANF) یا فوڈ اسٹیمپس)، جس کو اسکولوں کے خود کار طریقے (ATS) سے طلبا کے ریکارڈ کے ساتھ ملایا جائے گا اور غیر پبلک اسکول معلوماتی نظام (NPSIS) میں طلبا کے ریکارڈ کے ساتھ ملایا جائے گا۔ میچ ہونے والے تمام طلبا کے ریکارڈز کو خود کار طور پر ایک نشان (فلیگ) کے ساتھ قلم بند (کوڈ کیا) جائے گا جو ایک کمپیوٹر میچ کے ذریعے مفت لنچ کی اہلیت کے تعین کی نشان دہی کرے گا۔ ATS اور NPSIS میں یہ خانہ خود کار طور پر پُر ہو جائے گا۔

B. میچ ہونے والے تمام کنبوں کو اسکول کے ذریعے ان کے بچے کی حیثیت سے مطلع کرنا لازمی ہے تاکہ ان کے پاس اس مفاد کو مسترد کا موقع ہو۔ کسی بھی لیے گئے کھانے کے لیے فیس اکٹھا کرنا مطلوب نہیں ہے۔ اِن طلبا کے لیے ایک درخواست یا براہِ راست تصدیقی خط حاصل کرنے یا اہلیت کی حیثیت کو ATS یا NPSIS میں داخل کرنے کی ضرورت نہیں۔

C. ان میچ کیے گئے طلبا کی جمع کروائی گئی درخواستوں اور براہِ راست تصدیقی خطوط کو علیحدہ **فائل** میں رکھنا چاہیئے لیکن ان کو ATS یا NPSIS **میں دوبارہ داخل نہیں کیا جانا چاہیئے۔**

### II. اہلیت کے فارمز - اسکول کے کھانے کی درخواستوں (SD1041) کو تقسیم کرنا

A. ہر سال اسکول کے کھانے کی درخواست کو محکمئہ تعلیم (DOE) کے تعاون کے ساتھ اسکول کے کھانے کے پروگرام میں شرکت کرنے والے پبلک، چارٹر، اور غیر پبلک اسکولوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

B. اسکول کے کھانے کی درخواست کو ستمبر میں اسکول کھلنے کے پہلے دن ہر ایک رجسٹر شدہ طالبِ علم کو دیا جانا چاہیئے۔

C. ہر **ایک** کنبہ **ایک ہی** اسکول میں شرکت کرنے والے **تمام** رجسٹر شدہ طلبا کے لیے صرف ایک فارم کو مکمل کرنے اور اس کو جمع کروانے کا ذمہ دار ہے۔

D. گزشتہ سال کی اہلیت کو اگلے سال میں منتقل کرنا

1. مقامی تعلیمی ایجنسی (LEA) کے لیے ذیل (بچوں) کے لیے گزشتہ سال کی اہلیت کو اگلے سال میں منتقل کرنا لازمی ہے: (1) گزشتہ سال سے فائل پر منظور شدہ درخواست کے حامل گھرانے کے بچوں کے لیے؛ (2) گزشتہ سال مفادات کے لیے منظور شدہ بچوں کے گھرانوں کے LEA میں نئے بچوں کے لیے؛ اور (3) ایک ہی LEA کے زیرِ نگرانی ایک اسکول سے دوسرے اسکول میں منتقل ہونے والے سابقہ منظور شدہ بچوں کے لیے۔ اہلیت کو منتقل کرنے کا دورانیہ تعلیمی سال میں اسکول کھلے ہونے کے 30 دن تک ہے جس کا آغاز موجودہ تعلیمی سال کے پہلے دن سے ہوتا ہے۔ مخصوص تاریخ کو ہر سال اسکولوں کے لیے دفتر برائے اسکول فوڈ اہلیت کے رہنمائی خطوط یاددہانی میں شائع کیا جائے گا۔ (تعلیمی سال میں اسکول کے کھلے ہوئے دن کا حوالہ اسکول کے ایام کے طور پر دیا جاتا ہے نہ کہ کیلنڈر کے ایام

کے۔) اس کا اطلاق براہِ راست تصدیق، غیر مشروط اہلیت کے فیصلوں، اور آمدنی کی بنیاد پر درخواستوں پر ہوتا ہے۔ البتہ، نئی اہلیت کا تعین منتقل ہونے والی اہلیت کی جگہ لیتا ہے۔

2. گزشتہ سال کی درخواست یا اہلیت کی حیثیت اسکول کھلے ہونے کے پہلے 30 دنوں کے بعد مستند نہیں رہے گی، یا جب بچے کی نئی اسکول کے کھانے کی درخواست یا مستند براہِ راست تصدیقی خط پر کارروائی کی جا چکی ہو، یا اگر طالبِ علم حصہ I میں واضح کیے گئے کمپیوٹر میچ طریق کار کے ذریعے اہل پایا گیا ہو، جو بھی پہلے واقع ہو۔ اسکول اور مرکز کی تمام نئے مندرج طلبا کی اہلیت کا تعین تیزی سے کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، LEA کے لیے موجودہ تعلیمی سال میں جمع کروائی گی درخواستوں پر برمحل انداز میں کارروائی کرنا لازمی ہے۔

3. (اہلیت) کو منتقل کرنے کا ابتدائی دورانیہ گزر جانے کے بعد مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے اہل ہونے کے لیے، بچے کی براہِ راست تصدیق کی جانی چاہیئے یا کنبے کے لیے ایک مکمل درخواست جمع کروانا لازمی ہے اور یہ غیر مشروط یا آمدنی کی بنا پر اہلیت ہو سکتی ہے۔ LEA یا اسکول کے لیے مفت یا رعایتی قیمت پر کھانے موصول کرنے والے تمام بچوں کے لیے یا تو ایک منظور شدہ درخواست یا ایک براہِ راست تصدیق شدہ بچوں کی فہرست کو فائل میں ہونا چاہیئے۔ یہ وفاق بازادائیگی کے لیے پروگراموں کے مطلوبات کی تکمیل کرنے کے لیے لازمی ہے۔

E. درخواستوں کا جائزہ بر محل انداز میں لیا جانا چاہیئے۔ درخواست موصول ہونے کے دس (10) کاروباری ایام کے اندر اہلیت کا تعین اور نفاذ کرنا لازمی ہے۔ جب بھی ممکن ہو، درخواست پر فوری طور پر کارروائی کی جانی چاہیئے، خاص طور پر ان بچوں کے لیے جن کی گزشتہ سال سے منظور شدہ درخواست فائل میں نہیں ہے۔

## III. الیکٹرانک درخواستیں / کاغذی درخواستوں کو اسکین کرنا

A. اسکول کھانے کی درخواست کنبوں کے لیے مکمل کرنے کے لیے ویب پر مبنی وضع میں ACCESS NYC کے ذریعے دستیاب ہے۔ کنبے درخواست کو مکمل کرنے کے لیے آن لائن www.nyc.gov/accessnyc پر جا سکتے ہیں۔ اسکول کے کھانے کی آن لائن درخواست پر کاغذی درخواست پر کی جانے والی کارروائی کے مماثل رہنمائی خطوط کو استعمال کرتے ہوئے الیکٹرانک انداز میں کارروائی کی جائے گی۔ کنبوں سے آن لائن ہدایات کی پابندی کرنا اور اپنی معلومات کو داخل کرنا مطلوب ہے اور درخواست کے کامیابی کے ساتھ جمع ہو جانے کے بعد یہ ایک تصدیقی نمبر موصول کریں گے جس کو کارروائی یا اہلیت کی حیثیت کی جانچ کرنے کے لیے حوالہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

B. منتخب کردہ اسکولوں سے مکمل کردہ کاغذی اسکول کے کھانے کی درخواست کو دفتر برائے اسکول فوڈ کے پاس جمع کروانا مطلوب ہے تاکہ فارم کو اسکین کیا جا سکے اور گھرانے کے ذریعے فراہم کردہ معلومات پر الیکٹرانک انداز میں کارروائی کی جا سکے۔ منتخب کردہ اسکولوں کو تعلیمی سال کے آغاز سے قبل مطلع کیا جائے گا اور ان کو فارمز کو جمع کروانے کے لیے ہدایات اور پتہ لکھا واپسی کا لفافہ فراہم کیا جائے گا۔

C. آن لائن اور اسکینگ کے نظام سے حاصل کردہ کنبوں کی معلومات پر موصول ہونے کے دس کاروباری ایام کے اندر الیکٹرانک انداز میں کارروائی کی جائے گی، اہلیت کا تعین کیا جائے گا، اور ATS یا NPSIS میں کھانے کے کوڈز داخل کیے جائیں گے۔ تصدیقی کارروائی کو مکمل کرنے کے لیے معلومات کو حاصل کرنے یا ان کی تصدیق کرنے کے لیے کنبوں یا اسکولوں سے رابطہ کیا جائے گا۔ پرنسپلز اور ISC منتظمین دفتر برائے اسکول فوڈ تعمیل کے دفتر سے 4471-707-(718) پر رابطہ کر کے اپنے اسکول اور علاقے کے متعلق کارروائی اور اہلیت کی حیثیت معلوم کر سکیں گے۔

## IV. براہِ راست تصدیق

A. براہِ راست تصدیق ایک ایسا طریق کار ہے جس کے ذریعے LEA، فوڈ اسٹیمپس یا ضرورت مند عارضی امداد (TANF) موصول کرنے والے خاندانوں کے بچوں کی تصدیق کرتا ہے۔ ان پروگراموں کا انتظام کرنے والی ریاستی اور مقامی ایجنسیوں کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر، LEA تعین کرتا ہے کہ

خاندانوں کے ایک درخواست مکمل کیے بغیر یہ طلبا بچوں کی غذائیت پروگراموں میں شرکت کرنے والے اسکولوں میں مفت کھانے موصول کرنے کے لیے اہل ہیں۔ نیو یارک ریاست کا عارضی اور معذوری کی بنا پر امداد کا دفتر اسکول عمر کے ان بچوں کے تمام خاندانوں کو خطوط بھیجتا ہے جو فوڈ اسٹیمپس یا TANF فوائد موصول کرتے ہیں۔ والدین یا سرپرست خاندان کے ذریعے اسکول کھانے کی درخواست کو مکمل کرنے کے بجائے خط کو مفت کھانے کے لیے اہلیت کی تصدیق کے طور پر اسکول کے پاس جمع کروا سکتے ہیں۔

B. حصہ I میں بیان کیے گئے کمپیوٹر میچ کے ذریعے اہلیت کی نشان دہی پہلے ہی نہ کی گئی ہو تو ان طلبا کو ATS اور NPSIS میں مفت (کھانے) کا اہل ہے کے طور پر کوڈ دیا جانا چاہیئے۔

C. براہِ راست تصدیقی خط کے ساتھ خاندانوں اور کنبوں کے لیے ایک تعارفی خط (کوور لیٹر) فراہم کرنا **لازمی** ہے جس میں خاندان کا نام اور پتہ، اس کے ساتھ دستاویز کے مستند ہونے کی تصدیق کرنے کے لیے ایک تصدیقی بیان شامل ہو۔

D. اسکول فوڈ اتھارٹی کے لیے اسکول کی عمر کے بچوں کے خاندانوں کو درخواستیں اور والدین کے خط فراہم کرنا لازمی ہے۔

E. جن بچوں کی اہلیت براہِ راست تصدیق کے ذریعے حاصل کی گئی ہے ان کے لیے ریکارڈ رکھنے اور رپورٹ کرنے کے مطلوبات مفت یا رعایتی قیمت پر (کھانے) کی درخواست فارمز کے مطلوبات جیسی ہی ہیں۔ اِن کے لیے لازمی ہے:

1. جہاں بچے کو کھانا فراہم کیا جاتا ہے اس عمارت کے لیے قابلِ رسائی ہو اور؛
2. اس دوران بچے کی اصل حاضری سے قطع نظر اسکول کے ذریعے موجودہ سال کے بعد اضافی تین سالوں کے لیے سنبھال کر رکھا جائے۔ ان منتخبہ اسکولوں کے لیے جن کے اسکول کے کھانے کی مکمل کردہ کاغذی درخواست کو دفتر برائے اسکول فوڈ کے ذریعے اسکین کیا جائے گا، دفتر برائے اسکول فوڈ مطلوبہ دورانیے کے لیے ان ریکارڈز کو سنبھال کر رکھے گا۔

F. والدین یا سرپرست کو کھانے کے مفادات کو مسترد کرنے کا حق ہے اور ان کو ایسا کرنے کے لیے اس حق اور طریق کار سے مطلع کیا جانا لازمی ہے۔

## V. راز داری

ریاستہائے متحدہ محکمئہ برائے زراعت (USDA) نے زمرہ I اور تعلیمی پیش رفت کی تشخیص (NAEP) پروگراموں کے استعمال کے لیے اعداد و شمار کو اکٹھا کرنے والے اسکول کے اہلکاران پر طلبا کے ناموں، پتوں اور اہلیت کی حیثیت کو افشا کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اسکول، طلبا کے ناموں اور اہلیت کی حیثیت کو کسی اور مقصد کے لیے افشا نہیں کر سکتے ہیں ماسوائے جیسے کہ چانسلر کے ضابطے A-820 میں اجازت دی گئی ہے۔

## VI. معذوری کے حامل بچوں کے لیے کھانے کی خدمات:

وفاقی ضوابط کا تقاضہ ہے کہ اسکول ان بچوں کو کھانے بغیر کسی اضافی لاگت کے فراہم کریں جنکی معذوری انکی غذا کو اس طرح سے محدود کرے کہ وہ فوڈ سروس پروگرام میں پوری طرح سے حصہ نہیں لے سکتے جب تک کہ مقررہ مینیو میں پیش کیے جانے والے کھانوں میں کچھ ردوبدل نہ کیا جائے۔ والدین / سپرپرست ان کھانوں کی ضرورت کے لیے ایک میڈیکل ڈاکٹر کی جانب سے دستاویزی طبی تصدیق کے ذریعے اسکول سے مخصوص کھانوں کی گزارش کر سکتے ہیں۔

## VII. بے گھر، تارکینِ وطن اور گھر سے بھاگے ہوئے بچوں کے لیے مفت کھانوں کی اہلیت

USDA نے یہ اعتراف کیا ہے کہ گزشتہ چند سالوں کے دوران بے گھر، تارکینِ وطن، اور گھر سے بھاگے بچوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور جو والدین / سرپرست بے گھر ہیں وہ اکثر مفت کھانے کی درخواست کو جمع کروانے میں ناکام رہتے ہیں، اور اکثر ان بچوں کو براہِ راست تصدیق کے طریق کار میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔

A. مقامی تعلیمی ایجنسی کے رابطہ کار یا بے گھروں کی پناہ گاہ کے ذریعے مککینی وینٹو بے گھروں کی امداد کے

قانون تحت ایک بچے کو اس وقت بے گھر تصور کیا جاتا ہے اگر ان کی تعریف بطور رات کو ٹھہرنے کے لیے ایک مقررہ، معمول میں، اور معقول رہائش نہ رکھنے والے کے طور گئی ہے۔

B. گھر سے بھاگے ہوئے بچے کی تعریف گھر سے بھاگے ہوئے ایسے بچے کے طور پر کی جاتی ہے جو گھر سے بھاگے ہوئے بچوں اور بے گھر نوجوانوں کے ایکٹ (RYHA) کے تحت ایک پروگرام کی وساطت سے مقامی تعلیمی رابطہ کار کے ذریعے امداد موصول کر رہا ہے۔

C. ایک تارکینِ وطن بچہ ایک ایسا بچہ ہے جس کی تعریف ریاست یا مقامی تارکینِ وطن تعلیم پروگرام کے رابطہ کار یا مقامی تعلیمی رابطہ کار کے ذریعے بطور زراعت یا ماہی گیری میں عارضی یا موسمی روزگار کے متلاشی یا اس کے حصول کے لیے منتقل ہونے والے والدین یا سرپرست کے ہمراہ رہنے کے لیے گزشتہ تین سالوں میں اسکول اضلاع کی حدود سے باہر منتقل ہونے کے کی جاتی ہے۔

جب ایک کنبہ ایک درخواست جمع نہیں کرواتا ہے یا ایک درخواست جمع ہونے کا امکان نہیں ہوتا ہے تو اس کے لیے USDA نے تمام بچوں کی غذائیت پروگراموں (CNPs) کے لیے مندرجہ ذیل طریق کار قائم کئے ہیں:

A. تارکینِ وطن رابطہ کار، بے گھر افراد کے رابطہ کار، یا گھر سے بھاگے ہوئے بچوں کی خدمات کے فراہم کنندہ، اسکول کو اہل بچوں کی ایک فہرست اور موثر ہونے کی تواریخ فراہم کر سکتے ہیں۔ فہرست پر تاریخ اور ربط دہندہ، رابطہ کار، یا فراہم کنندہ کے دستخط ہونا لازمی ہیں۔ اس کے بعد یہ بچے تعلیمی سال کے لیے مفت کھانوں کے لیے براہِ راست تصدیق شدہ ہوتے ہیں۔ کسی اور دستاویز کی ضرورت نہیں ہے۔ **اس انتخاب کو ترجیح دی جاتی ہے۔**

B. جس پناہ گاہ میں بچہ رہتا ہے اس بے گھروں کی پناہ گاہ کا ڈائریکٹر بچے کے لیے ایک درخواست کو مکمل اور جمع کروا سکتا ہے۔

C. مقامی اہلکاران ایک بچے کے لیے ایک درخواست کو مکمل کر سکتے ہیں اور بچے کو محض اپنی ان معلومات پر مفت کھانوں کے لیے منظوری دے سکتے ہیں کہ بچے کا رہائشی پتہ ایک بے گھر پناہ گاہ ہے یا کہ بچے کا پتہ نامعلوم ہے اور بے شک یہ بے گھر ہے۔

D. اگر بے گھر بچوں کی ایک بڑی تعداد بے گھروں کی پناہ گاہ یا اسکول کے اہلکاران کے لیے انفرادی درخواست کو مکمل کرنا ناقابلِ عمل بنا دیتی ہے تو اسکول کی انتظامیہ اہلِ خانہ کی رہائش کی بنیاد پر اہل طلبا کی ایک فہرست تیار کر سکتی ہے۔ بچوں کی فہرست کے لیے مفت کھانے کی اہلیت کے تعین کے لیے درکار دستاویزات میں کم سے کم ذیل کا شامل ہونا لازمی ہے:

1. بچے کا نام؛
2. اہلیت کے تعین کی نافذ العمل تاریخ؛
3. اس پناہ گاہ کا نام اور پتہ جہاں بچہ رہائش پذیر ہے؛
4. تعین کرنے والے اہلکار کے دستخط؛ اور
5. پناہ گاہ، اسکول یا پروگرام سے خارج ہونے کی تاریخ۔

E. ان فہرستوں میں نئے ناموں کو شامل کر کے، اور جو بچے اسکول چھوڑ کر جا چکے ہیں یا جن کی صورتِ حال تبدیل ہو جاتی ہے ان ناموں کو خارج کر کے ان کو تازہ ترین رکھنا لازمی ہے۔

F. نقل وطن بچوں کی صورتِ حال کی دستاویزات کو بطور مفت کھانے کی اہلیت (کی کارروائی) کی ابتدا کرنے کے دستاویز کے طور پر نقل وطنی کے رابطہ کار کو سنبھال کر رکھنا چاہیئے۔ اس میں تاریخ، بچے کا نام، اور نقل وطنی کے رابطہ کار کے دستخط شامل ہونے چاہیئیں۔

G. ایک بچہ یا خاندان جو ایک دوسرے کنبے کے ساتھ عارضی طور پر رہائش پذیر ہے اور ان کو پھر بھی مککنی وینٹو قانون کی تعریف کے تحت بے گھر تصور کیا جائے گا۔ ان صورتوں میں، مقامی تعلیمی رابطہ کار کے ذریعے بے گھر فرد کے طور پر تعین کردہ بچے کے لیے مفت کھانے کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے کنبے کا سائز اور میزبان

کنبے کی آمدنی کو زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔

H. جب میزبان کنبہ اپنے بچوں کے لیے مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کی درخواست دے گا تو میزبان کنبہ بے گھر اہلِ خانہ کو بطور کنبے کے ارکان شامل کر سکتا ہے اگر میزبان کنبہ بے گھر اہلِ خانہ کو مالی امداد فراہم کرتا ہے، جیسے کہ پناہ، استعمال کی عام اشیا، کپڑے، یا کھانا۔ ایسی صورتوں میں، میزبان کنبے کے لیے بے گھر اہلِ خانہ کے ذریعے موصول ہونے والی کسی بھی آمدنی کو بھی شامل کرنا لازمی ہے۔ اسکول کے اہلکاران کے لیے میزبان کنبے کے لیے اہلیت کا تعین روایتی انداز میں کرنا چاہیئے۔ البتہ، بے گھر بچے کی مفت کھانے کی اہلیت کی بنیاد مقامی تعلیمی رابطہ کار کے ذریعے فراہم کردہ دستاویزات پر ہے، چاہے بچے کو میزبان کنبے کی مفت یا رعایتی قیمت پر (کھانے) کی درخواست میں شامل کیا گیا ہے۔

## VIII. ہیڈ اسٹارٹ / ایون اسٹارٹ پروگراموں میں بچوں کے لیے مفت کھانے کی اہلیت

A. وفاق سرمائے کے ذریعے چلائے جانے والے ہیڈ اسٹارٹ مراکز میں ہیڈ اسٹارٹ پروگرام کی کم آمدنی کے معیار کی تکمیل کرنے والے مندرج بچوں کو نیشنل اسکول لنچ پروگرام (NSLP) میں مزید کسی درخواست یا اہلیت کے تعین کے بغیر غیر مشروط طور پر مفت کھانوں کے لیے اہل تصور کیا جاتا ہے۔ وفاق سرمائے سے چلائے جانے والے ہیڈ اسٹارٹ مراکز کے ذریعے استعمال کیے جانے والی اہلیت کے ہو بہو مطلوبات کے ساتھ ریاست کے سرمائے کے ذریعے چلائے جانے والے پری کنڈر گارٹن ہیڈ اسٹارٹ پروگراموں میں مندرج بچوں کو بھی غیر مشروط طور پر اہل تصور کیا جاتا ہے۔

B. ایک بچے کے لیے ایون اسٹارٹ میں ان کی شرکت کی بنیاد پر مفت کھانوں کے لیے غیر مشروط طور پر اہل ہونے کے لیے لازمی ہے کہ یہ وفاق سرمائے کے ذریعے چلائے جانے والے ایون اسٹارٹ فیملی لیٹرسی پروگرام میں شرکت کنندہ کے طور پر مندرج ہو اور پری کنڈر گارٹن کی سطح پر ہو۔

C. اسکول کے کھانے کے پروگراموں میں مفت کھانے کی غیر مشروط اہلیت کو قائم کرنے کے لیے ایک بچے کے لیے وفاق سرمائے کے ذریعے چلائے جانے والے ہیڈ اسٹارٹ یا ایون اسٹارٹ میں شرکت کرنے کے دستاویزات مطلوب ہیں۔ ایون اسٹارٹ کے اہلکاران کے ذریعے دستاویزات میں یہ تصدیق شامل کرنا لازمی ہے کہ بچہ ابھی تک کنڈر گارٹن میں داخل نہیں ہوا ہے۔

## IX. اسکول کھانے کی درخواست کی اصطلاحات کی وضاحت

A. **"موجودہ آمدنی"** آپکی فی الحال ٹیکس اور دیگر کٹوتیوں سے قبل موصول ہونے والی کُل آمدنی ہے۔ کسان، اپنا ذاتی کام کرنے والے افراد، نقل وطن ملازمین، اور دیگر عارضی ملازمین اپنی گزشتہ 12 ماہ کی آمدنی کو استعمال کر سکتے ہیں۔

B. **"کنبے"** کا مطلب ہے ایک رشتے میں وابستہ یا کوئی رشتہ نہ رکھنے والے افراد کا ایسا گروپ ہے جو ایک ہی گھر یا مکان میں رہتا ہے اور آمدنی اور اخراجات کا اشتراک کرتا ہے۔ اس میں شریکِ حیات، بیٹا، بیٹی، جدی والدین وغیرہ شامل ہیں۔

C. **"کنبے کے بالغ ممبران"** کا مطلب ہے ایک رشتے میں وابستہ یا کوئی رشتہ نہ رکھنے والے 21 سال یا زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو ایک گھر میں رہتے ہیں۔

## X. مفت یا رعایتی قیمت پر کھانے کے لیے اسکول کے کھانے کی درخواست کے لیے رہنما خطوط

A. اہلیت کا تعین کمپیوٹر میچینگ (جوڑ) کی **یا** والدین / سرپرست کے ذریعے فراہم کردہ کنبے کی آمدنی کی بنیاد پر **یا** والدین / سرپرست کے ذریعے فراہم کردہ مستند فوڈ اسٹیمپ **یا** TANF کیس نمبر کی بنیاد پر یا مستند براہِ راست تصدیقی خط کے ذریعے کی جاتی ہے۔

B. **جب والدین / سرپرست آمدنی کی معلومات فراہم کرتے ہیں**

1. تمام افراد، رشتہ دار اور غیر رشتہ دار افراد، جو ایک گھر میں رہتے ہیں اور اخراجات کا اشتراک کرتے ہیں ان سب کو اسکول کے کھانے کی درخواست کے حصہ 4 میں درجِ فہرست کیا جانا چاہیئے۔ صرف درخواست پر دستخط کرنے والے کنبے کے بالغ فرد کے سوشل سیکیورٹی نمبر کو مہیا کرنے کی

ضرورت ہے۔ اگر درخواست پر دستخط کرنے والے کنبے کے بالغ فرد کے پاس سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں ہے تو ان کے لیے "none" کا لفظ لکھنا لازمی ہے۔ **سوشل سیکیورٹی نمبر مہیا کرنے میں یا "none" کا لفظ لکھنے میں ناکامی درخواست کی نامنظوری کا باعث بن سکتا ہے۔** سوشل سیکیورٹی نمبر کو درخواست میں فراہم کی گئی معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

2. کنبوں سے اسکول کے کھانے کی درخواست میں کنبے کی کُل آمدنی کا حساب لگانا مطلوب نہیں ہے۔ پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ سے کل (آمدنی) کا حساب لگانا مطلوب ہے، ماسوائے آن لائن یا اسکین شدہ درخواستوں کی صورت میں، جہاں اہلیت کا سوفٹ ویئر کُل (آمدنی) کا حساب لگائے گا۔ تصدیق کے (حصہ 5) میں والدین / سرپرست کا دستخط کرنا اور تاریخ ڈالنا لازمی ہے۔

3. مفت یا رعایتی قیمت پر کھانے فراہم کیے جائیں گے اگر کنبے کی موجودہ کُل ماہانہ آمدن اس سال کے لیے آمدنی کی شائع کردہ حدود کے اندر ہے۔

C. جب والدین / سرپرست حصہ 3 میں ایک فوڈ اسٹیمپ یا TANF کیس نمبر فراہم کرتے ہیں - ایک بچہ مفت کھانے کے لیے خود کار طور پر اہل ہوتا ہے؛ اس لیے حصہ 4 کو مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، ایک سوشل سیکیورٹی نمبر کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اگر والدین / سرپرست حصہ 4 میں بھی آمدنی کو درج کرتے ہیں تو **اس کو نظر انداز کر دیں۔** البتہ تصدیق کے (حصہ 5) میں والدین کے لیے دستخط کرنا اور تاریخ ڈالنا لازمی ہے۔ فوڈ اسٹیمپ یا TANF کیس نمبر یا براہِ راست تصدیق کے متعلق معلومات اختیاری اور رضاکارانہ ہیں۔

D. عارضی نگہداشت میں رہنے والے بچے - عارضی نگہداشت میں رہنے والا بچہ ایک ایسا بچہ ہے جو ایک خاندان کے ساتھ رہتا ہے لیکن یہ بہبود کی ایک ایجنسی یا عدالت کے (حکم) کے تحت قانونی طور پر زیرِ نگہداشت ہے۔ **عارضی نگہداشت میں رہنے والے ہر ایک بچے کو ایک (فرد پر مبنی) کنبہ تصور کیا جاتا ہے۔**

1. کنبے میں عارضی نگہداشت میں رہنے والے ہر ایک بچے کے لیے ایک درخواست کو مکمل کرنا لازمی ہے۔ اہلیت کا تعین کرنے کے مقصد کے لیے، بچے کی صرف "ذاتی استعمال کی آمدنی" کو استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر بچے کی ذاتی استعمال کے لیے کوئی آمدنی نہیں ہے تو والدین / سرپرست سے ("0") لکھنا مطلوب ہے۔ والدین سرپرست کو کسی دیگر بچوں کو، کنبے کے ارکان، آمدنی، یا ایک سوشل سیکیورٹی نمبر درج نہیں کرنا چاہیئے۔ کنبے کے ایک بالغ فرد کے لیے درخواست پر دستخط کرنا لازمی ہے۔

2. انفرادی درخواستوں کے بجائے، اسکول فوڈ اتھارٹی عدالت سے یا عارضی نگہداشت میں رہنے والے بچے کی تقرری کے لیے ذمہ دار ایجنسی سے ایک فہرست کو قبول کر سکتی ہے۔ فہرست کے لیے یہ معلومات فراہم کرنا لازمی ہے جس میں بچے کے نام، بچے کے ذریعے موصول کی جانے والی کسی بھی ذاتی آمدنی، بچے کے موجودہ پتے، اور اگر معلوم ہے تو جس اسکول میں بچہ فی الوقت جاتا ہے اس کی نشان دہی کی گئی ہو۔ فہرست پر ایک مناسب اہلکار کے دستخط ہونا اور اہلکار کا عہدہ اور رابطہ معلومات فراہم کرنا لازمی ہے۔

E. رہائشی اداروں میں رہنے والے بچے - بچوں کی نگہداشت کے رہائشی اداروں (RCCI) کے ہر ایک بچے کو ایک فرد کا کنبہ تصور کیا جاتا ہے۔ ہر ایک بچے کے لیے ایک درخواست مکمل کرنا لازمی ہے یا RCCI بچوں کی نگہداشت کے رہائشی اداروں (RCCI) میں رہائش پذیر تمام بچوں کے لیے اہلیت کی دستاویزاتی شیٹ کو استعمال کر سکتا ہے۔ دستاویزاتی شیٹ کے لیے بچے کے نام اور بچے کے ذریعے موصول کی جانے والی ذاتی آمدنی کی نشان دہی کرنے والی معلومات فراہم کرنا لازمی ہے۔ دستاویزاتی شیٹ پر مناسب اہلکار کے دستخط ہونا لازمی ہے اور اہلکار کا عہدہ اور رابطہ معلومات ہونا لازمی ہیں۔ ایک RCCI میں شرکت کرنے والے لیکن وہاں پر رہائش نہ رکھنے والے ہر بچے کو ان کے کنبے کا ممبر تصور کیا جاتا ہے اور ان کی اہلیت کا تعین کنبے کی درخواست کو یا براہِ راست تصدیق کو استعمال کر کے کیا جائے گا۔

## XI. جمع کروائی گئی درخواستوں کا تکمیل کے لیے جائزہ لینا

A. پرنسپل یا ان کے نامزدکردہ کے لیے ہر نئی اسکول کے کھانے کی درخواست کا جائزہ لینا لازمی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کنبے نے ایک مکمل درخواست جمع کروائی ہے۔ اگر درخواست مکمل ہے تو اہلکار کے لیے تعین کرنا لازمی ہے کہ آیا درخواست میں فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پرکنبہ غیر مشروط طور پر یا مفادات کے لیے آمدنی کی بنیاد پر اہل ہے۔ طالبِ علم کو اسکول کھانے کی ایک مکمل کردہ درخواست جمع نہ کروانے پر سزا نہیں دی جانی چاہیئے۔

B. صرف والدین / سرپرست کے ذریعے اسکول کے کھانے کی درخواست میں فراہم کردہ معلومات کو اہلیت کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ جائزہ لینے والے اہلکاران، پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ صرف اہلیت کی حیثیت کا تعین اور درخواست کی کارروائی ہو جانے کے بعد آمدنی کے وسیلے اور مقدار کے ساتھ ساتھ کنبے کی ساخت کی تصدیق کریں گے۔

C. اگر کنبہ "میں مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے اہل نہیں ہوں" کے خانے کے بیان کے برابر میں نشان لگاتا ہے" تو پرنسپل یا نامزد کردہ اسکول کے جائزہ لینے والے اہلکار درخواست پر بطور مسترد کارروائی کریں گے اور کنبے کے ساتھ مزید رابطے کی ضرورت نہیں ہو گی چاہے (درخواست) پر کوئی دستخط نہ ہوں۔ کنبے کو بچے کے ذریعے لیے گئے ہر دوپہر کے ہر کھانے (لنچ) کی موجودہ مکمل قیمت کے نرخ پر بِل بھیجا جائے گا۔ جب کنبہ نشان دہی کرتا ہے کہ یہ مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے اہل نہیں ہیں تو اِن سے سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم کرنا مطلوب نہیں ہوتا ہے۔

D. اگر کنبہ ہفتہ وار، دو ہفتے میں ایک بار اور ماہانہ جیسے مختلف تواتر کے ساتھ متعدد آمدنی کے وسیلوں سے مطلع کرتا ہے تو ترجیحی طریقہ **تمام آمدنیوں کو سالانہ آمدنی میں تبدیل کرنا ہے۔** اگر ایک کنبے کی صرف ایک آمدنی ہے یا (آمدنی) کی موصولی کے تمام وسیلوں کا تواتر ایک جیسا ہے تو کوئی تبدیلی مطلوب نہیں ہے۔ کنبے کے سائز کی مناسبت سے سالانہ آمدنی کے لیے آمدنی کی اہلیت کے شائع شدہ رہنما خطوط (IEG) سے کُل (آمدنی) کو قریبی اکائی میں تبدیل کیے بغیر جمع اور موازنہ کریں۔

1. آمدنی کو ایک سالانہ رقم میں تبدیل کرنے کے لیے، اگر ضروری ہو، ہفتہ وار آمدنی کو 52 سے ضرب دیں؛ ہر دو ہفتے میں ایک بار موصول ہونے والی آمدنی کو 26 سے ضرب دیں؛ مہینے میں **دو بار** موصول ہونے والی آمدنی کو 24 سے ضرب دیں؛ اور ماہوار موصول ہونے والی آمدنی کو 12 سے ضرب دیں۔ **ہر ایک تبدیلی سے حاصل قدروں کو قریبی اکائی میں تبدیل نہ کریں۔** قریبی اکائی میں تبدیل نہ کی گئی تمام قدروں کو جمع کریں اور کنبے کے سائز کے لحاظ سے سالانہ آمدنی (اخذ) کرنے کے لیے مناسب IEG سے قریبی اکائی میں تبدیل نہ کی گئی کُل (قدروں) کا موازنہ کریں۔ آن لائن اور اسکیننگ کے ذریعے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیے گئے سافٹ ویئر کو (قدروں کی) تبدیلی کی اسی پالیسی کی عکاسی کرنی چاہیئے۔

2. اگر ایک درخواست یہ نشان دہی نہیں کرتی ہے کہ آمدنی کتنے تواتر سے موصول کی جاتی ہے مثلاً ہفتہ وار، ماہانہ، وغیرہ۔، جائزہ لینے والے اہلکار اس پر بطور ہفتہ وار کارروائی کریں گے یا اس کو منظور کرنے سے قبل اہلِ خانہ کے ساتھ رابطہ کریں گے کیونکہ آمدنی کی معلومات نامکمل ہیں۔

E. وفاقی قانون کے مطابق، والدین یا سرپرستوں کو صرف رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے آمدنی کی اہلیت کے رہنما خطوط فراہم کیے جائیں گے۔ **صرف پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے پاس مفت اور رعایتی قیمت پر کھانوں، دونوں کے لیے رہنما خطوط کی نقل موجود ہو گی۔** صرف اہلیت کا تعین ہو جانے کے بعد اور کنبے کو اطلاع نامہ بھیجے جانے کے بعد، والدین کے ذریعے درخواست کرنے پر اسکول کے جائے وقوع پر مفت کھانوں کے لیے آمدنی کے رہنما خطوط کو جانچ کے لیے دستیاب بنایا جائے گا۔ اسکول کے حکام مفت کھانے کی اہلیت کے رہنما خطوط کو طلبا یا والدین / سرپرستوں کو کسی صورت میں تقسیم نہیں کر سکتے ہیں۔

F. اگر والدین / سرپرست آمدنی کی معلومات فراہم کرتے ہیں، جائزہ لینے والے اہلکار کو مفت یا کم آمدنی کی اہلیت کے رہنما خطوط کو استعمال کرنا چاہیئے اور اسکول کے کھانے کی درخواست کی پشت پر "صرف اسکول کے استعمال کے لیے" کے حصے میں نشان دہی کرنی چاہیئے: (1) کنبے کی موجودہ کُل آمدنی اور تواتر

(2) کنبے کا کُل سائز؛ (3) بچے کی اہلیت کی حیثیت ( مفت یا رعایتی قیمت پر یا مسترد)؛ اور (4) مسترد کرنے کی وجہ، اگر مناسب ہو۔ جائزہ لینے والے اہلکار کے لیے درخواست پر دستخط کرنا اور تاریخ ڈالنا لازمی ہے۔ ایک پرنسپل کی دستخط کی مہر کو اسکول کے عملے کے فرد کے نام کے حروف کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

G. پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے ذریعے اسکول کے کھانے کی درخواست میں کوئی بھی اندراج کرنے یا معلومات کو تبدیل کرنے سے اجتناب کیا جانا چاہیئے ماسوائے معلومات کو درج کرنا ناممکن یا ناقابلِ عمل ہو یا ان کو والدین، سرپرست یا کنبے کے منظور کردہ دیگر رکن کے ذریعے ذاتی طور تبدیل کیا گیا ہو (مثلاً خواندگی کی وجہ سے)۔

H. پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے ذریعے درج یا تبدیل کی گئی کسی بھی معلومات کو والدین، سرپرست، یا کنبے کے منظور کردہ دیگر رکن کی جانب سے موصول کردہ معلومات کی مکمل طور پر اور بالکل درست عکاسی کرنی چاہیئے۔

I. پرنسپل یا ان کے نامزدہ کردہ کے لیے (اسکول کھانے کی درخواست یا ایک منسلکه یاددہانی میں) معلومات کو داخل یا تبدیل کرنے والی ہر جگہ پر اپنے نام کے حروف اور ایک تحریری وضاحت شامل کرنا لازمی ہے جو پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے معلومات کے اندراج یا تبدیلی کی وجہ اور بنیادوں اور ذرائع کی وضاحت کرے۔ اس وضاحت کے بعد پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے نام کے دستخط ہونا اور نام کو جلی حروف میں لکھا ہونا لازمی ہے۔ پرنسپل یا ان کے نامزدکردہ کے دستخط اسکول کے کھانے کی درخواست میں وضاحت کی درستگی کی اور درج یا تبدیل کردہ معلومات کی دیگر نمائندگیوں کی تصدیق کے مترادف ہیں۔

J. جہاں والدین یا سرپرست کے ذریعے ابتدائی طور پر آمدنی یا کنبے کے سائز کی معلومات فراہم نہیں کی گئی ہوں اور ان کو (تبدیلی کے برخلاف) پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے ذریعے داخل کیا جاتا ہے تو پرنسپل اور ان کے نامزد کردہ کے لیے (اس حصے کے مطلوبات کی پابندی کرنے کے لیے علاوہ) انتظامیہ کے استحقاق کے متعلق حصہ XIII کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

K. جب کنبے **صفر** (0) آمدنی یا آمدنی میں عارضی کمی بیان کریں تو پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ عارضی بنیادوں پر کنبوں کو منظوری دے سکتے ہیں۔ **ان درخواستوں کا ہر 45 کیلنڈری ایام میں جائزہ لینا لازمی ہے۔**

1. پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے لیے تواریخ اور ہر ایک خاندان سے رابطه کرنے کے نتائج کو قلم بند کرنا چاہیئے تاکه جب بھی 45 دن کی معیاد ختم ہو تو یه یقینی بنانے کے که درخواست اب بھی مستند ہے کنبے کی موجودہ آمدنی کی تشخیص کی جائے۔

2. صفر (0) آمدنی کے ساتھ صرف مکمل درخواستوں کو عارضی طور پر منظور کیا جا سکتا ہے۔ آمدنی جیسی مطلوبه معلومات نه رکھنے والی درخواستوں کو مسترد کرنا لازمی ہے اگر فراہم نه کی گئی معلومات کو حاصل نه کیا جا سکے۔

L. جہاں تبدیلیاں کی جائیں، والدین، سرپرست، یا کنبے کے منظور شدہ ممبر کے ذریعے فراہم کردہ اصل معلومات (اس کے ساتھ پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ جو معلومات داخل یا تبدیل کریں) کو نمایاں طور پر ظاہر اور علیحدہ علیحدہ قابلِ شناخت ہونا چاہیئے۔

M. اگر اسکول کو موصول ہونے والی اسکول کے کھانے کی درخواست میں والدین، سرپرست یا کنبے کے منظور شدہ دیگر ممبر کے ذریعے معلومات کو لکیر لگا کر یا وائٹ آؤٹ کے ذریعے خارج کیا گیا ہے یا ان میں تبدیلی کرنے کا دیگر ثبوت شامل ہے تو پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کو واضح طور پر نوٹ کرنا چاہیئے که اسکول کے کھانے کی درخواست ایسی تبدیلیوں کی ساتھ موصول کی گئی ہے۔

## XII. ATS یا NPSIS میں اہلیت کو قلم بند کرنا

A. تمام طلبا کی اہلیت کی حیثیت کو ATS, NPSIS، یا کمپیوٹر میچ کی بنیاد پر ایک بدست تیار کردہ مرکزی فہرست میں، درست انداز میں تصدیق شدہ اسکول کے کھانے کی درخواست یا فائل میں براہِ راست

تصدیقی خط میں قلم بند ہونا لازمی ہے۔ ہر بچے کی اہلیت کی حیثیت کو ظاہر کرنے کے لیے کھانے کے مندرجہ ذیل کوڈ درجہ بندیوں کو اسکول کی سطح پر داخل کیا جائے گا یا ATS یا NPSIS میں آن لائن یا اسکینگ طریق کار کے ذریعے الیکٹرانک انداز میں پُر کیا جائے گا۔

1. **کھانے کا کوڈ A** – عوامی امداد یا فوڈ اسٹیمپس موصول کرنے والے کنبوں کے لیے کمپیوٹر میچ کے طریقے کے ذریعے مفت (کھانے) کی حیثیت – کوئی درخواست درکار نہیں ہے۔
2. **کھانے کا کوڈ 1** – براہِ راست تصدیقی خط کے ذریعے مفت (کھانے) کی حیثیت کا تعین یا مکمل شدہ درخواست جس میں بچے کی مستند عارضی نگہداشت، فوڈ اسٹیمپ یا TANF معلومات، یا کنبے کی آمدنی مفت کھانوں کے لیے شائع کردہ آمدنی کے پیمانے کے اندر بیان کی گئی ہو۔
3. **کھانے کا کوڈ 2** – فائل میں مکمل کردہ درخواست کے ذریعے رعایتی قیمت پر (کھانے) کی حیثیت کی تعیناتی، جب کنبے کی آمدنی مفت کھانوں کی شائع کردہ آمدنی کے پیمانے سے زیادہ بیان کی گئی ہو۔
4. **کھانے کا کوڈ 3** – ایک مکمل کردہ درخواست کے ذریعے ادا شدہ (مسترد کردہ) تعین کردہ حیثیت جہاں: (a) کنبہ یہ نشان دہی کرے کہ یہ مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کی درخواست نہیں کرنا چاہتے؛ یا (b) جب کنبے کی آمدنی مفت یا رعایتی قیمت پر کھانے کی شائع کردہ آمدنی کے پیمانے سے زیادہ بیان کی گئی ہو۔
5. **کھانے کا کوڈ 4** – فائل میں ایک نامکمل درخواست کے ذریعے ادا شدہ (مسترد کردہ) تعین کردہ حیثیت۔ درخواست پر کارروائی کرنے کے لیے معلومات کو حاصل کرنا **لازمی** ہے۔
6. **کھانے کا کوڈ 5** – جب فائل میں کوئی درخواست نہیں ہو تو خود کار طور پر ادا شدہ (مسترد کردہ) تعین شدہ حیثیت۔

## XIII. ان کنبوں کے لیے انتظامی استحقاق جو مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے درخواست دینے میں ناکام رہتے ہیں

A. جب کنبے مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے درخواست میں دینے میں ناکام رہتے ہیں تو USDA ضوابط اسکول کے اہلکاران کو انتظامی استحقاق استعمال کرنے اور اگر کنبہ درخواست دے چکا تھا تو اہل سمجھے جانے والے طالبِ علم کے لیے ایک درخواست کو مکمل کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔

B. اس انتخاب کو بروئے کار لانے کے لیے، **خاندان کے سائز کی مؤثر ترین اور آمدنی کی دستیاب معلومات کی بنیاد پر طالبِ علم کے نمائندے کے طور پر ایک درخواست کو مکمل کیا جانا لازمی ہے۔** ان معلومات کے وسیلے کو درخواست میں قلم بند کیا جانا لازمی ہے۔ یہ لازمی ہے کہ انتظامی استحقاق کو مدبرانہ انداز میں اور صرف خاندانوں سے درخواست حاصل کرنے کی بار بار ناکام کوششوں کے بعد استعمال کیا جائے۔ ایک مکمل کردہ درخواست کو حاصل کرنے کی سابقہ کوششوں کو قلم بند کرنا اور درخواست کے ساتھ منسلک کرنا لازمی ہے اور ان دونوں کو موجودہ سال کے علاوہ تین سال کے عرصے تک سنبھال کر رکھنا چاہیئے۔ **صرف طالبِ علم کا نام، کنبے کا سائز، اہلِ خانہ کی تخمینہ شدہ آمدنی، اور منتظم کے دستخط درکار ہیں۔** کنبے کے ممبران کے نام، سوشل سیکیورٹی نمبر، اور کنبے کے ایک بالغ فرد کے دستخط کو محفوظ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کنبے کو طالبِ علم کی منظوری کی حیثیت سے مطلع کیا جانا لازمی ہے۔ ان درخواستوں کو تصدیق کرنے کی کارروائی سے خارج کر دینا چاہیئے۔ اس انتخاب کو انفرادی صورتِ حال میں محدود استعمال کے لیے تشکیل دیا گیا ہے اور اس کو بچوں کے زمروں یا گروپس کی اہلیت کا تعین کرنے لیے قطعاً استعمال نہیں کیا جانا چاہیئے۔

C. انتظامی استحقاق کے کسی بھی استعمال کو درخواست میں یا ایک درخواست کے ساتھ منسلک ایک یاد دہانی میں؛ منظوری دینے کی بنیادوں اور وجوہات اور اہلِ خانہ کے سائز اور آمدنی کے متعلق معلومات کے وسیلے کی وضاحت کے لیے حسبِ ضرورت واضح تفصیلات کے ساتھ قلم بند کیا جانا چاہیئے۔ گزشتہ سال کی اسکول کے کھانے کی درخواست میں اہلِ خانہ کے سائز یا آمدنی کی قابلِ بھروسہ اضافی معلومات کے بغیر یا جو بھی صورت ہو، معلومات میں تبدیلی نہیں ہے، انتظامی استحقاق کو استعمال کرنے کے جواز کے لیے

ناکافی ہے۔ انتظامی استحقاق کو استعمال کرنے کا فیصلہ کرنے والے پرنسپل یا ان کے نامزد کردہ کے نام کے دستخط اور ان کے نام کو جلی حروف میں یاددہانی یا درخواست پر ہونا لازمی ہے۔ پرنسپل کے یا ان کے نامزد کردہ کے دستخط، منظوری کی بنیادوں اور وجوہات، درخواست یا یاددہانی میں قائم کردہ اہلِ خانہ کے سائز اور آمدنی کے متعلق معلومات، اور اسکول کی ایک مکمل درخواست (یا ایک درخواست کا فیصلہ کرنے کے لیے درکار معلومات) کو حاصل کرنے کے لیے قلم بند کردہ سابقہ ناکام کوششوں کی درستگی کی تصدیق کے مترادف ہے۔

## XIV. اپیل کرنے کا حق

مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کی نامنظوری کا اطلاع نامہ یہ تجویز کرتا ہے کہ فیصلے کو دوبارہ زیرِ غور لائے جانے کے لیے پرنسپل کے ساتھ ایک کانفرنس کی ایک درخؤاست کی جا سکتی ہے۔ ایک ایسی درخواست کو ایک سماعت کے حق میں امتیاز نہیں کرنا چاہیئے۔ بچے کو اس کی سابقہ اہلیت کے لحاظ سے کھانا فراہم یا جانا چاہیئے جب تک کہ حتمی فیصلہ کیا جائے۔

## XV. اہلیت کی نامنظوری کے لیے اپیل کا طریق کار

A. اگر پرنسپل کے ساتھ ملاقات مسئلہ حل نہیں کرتی ہے تو اہلیت کی نامنظوری کی اپیل کے طریق کار کا آغاز ہوتا ہے ایک اپیل کا آغاز ٹیلیفون کے ذریعے یا تحریر میں کیا جاتا ہے:

Department of Education of the City of New York, Office of SchoolFood,
44-36 Vernon Boulevard,
Room 403, Long Island City, NY 11101; telephone (718) 707-4300

B. والدین / سرپرست کی نمائندگی ایک وکیل یا ان کے منتخب کردہ دیگر فرد کے ذریعے کی جا سکتی ہے۔ والدین / سرپرست کے پاس اپیل کردہ فیصلے کی معاونت کرنے کے لیے پیش کیے گئے دستاویزات اور ریکارڈز کا سماعت سے قبل اور اس کے دوران معائنہ کرنے کا ایک موقع ہونا چاہیئے۔ سماعت کا انعقاد قابلِ جواز مستعدی اور والدین / سرپرست کی آسانی، اور سماعت کے وقت اور مقام پر مشتمل معقول اطلاع نامہ فراہم کر کے کیا جائے گا۔ والدین / سرپرست کے پاس اپنے موقف کی معاونت کرنے کے لیے زبانی یا دستاویزاتی ثبوت اور دلائل پیش کرنے کا ایک موقع ہوگا اور کسی گواہی یا دیگر ثبوت پر سوال اٹھانے یا اس کو رد کرنے اور کسی بھی مخالف گواہ (گواہان) کا سامنا کرنے اور ان سے سوالات کرنے کا ایک موقع ہونا چاہیئے۔

C. سماعت کا انعقاد اور ایک فیصلے کو ایک ایسے سماعتی اہلکار کے ذریعے کیا جانا چاہیئے جو کہ اصل فیصلے یا کسی بھی سابقہ کانفرنس میں شامل نہیں تھا۔ سماعتی اہلکا کا فیصلہ صرف سماعت میں پیش کیے گئے زبانی یا دستاویزاتی ثبوت کی بنیاد پر ہونا لازمی ہے۔ والدین / سرپرست اور تقرر کردہ نمائندگان، اگر کوئی ہیں، ان کو فیصلے سے تحریر میں آگاہ کیا جانا چاہیئے۔

D. ہر ایک سماعت کے لیے ایک تحریری ریکارڈ تیار کیا جانا چاہیئے، جس میں ذیل شامل ہونا چاہیئے: زیرِ اپیل فیصلہ؛ کوئی بھی دستاویزاتی ثبوت اور سماعت میں دی گئی کسی بھی زبانی گواہی کا خلاصہ؛ سماعتی افسر کا فیصلہ، بشمول اس کی وجوہات؛ اور سماعتی افسر کے فیصلے سے متعلقہ فریقین کی جانب اطلاع نامے کی ایک نقل۔ ہر ایک سماعت کے تحریری ریکارڈ کو موجودہ سال کے علاوہ، تین سالوں کے دورانیے کے لیے محفوظ کرنا چاہیئے اور اس دورانیے کے دوران اس کو والدین / سرپرست یا ایک نمائندے کے ذریعے کسی بھی قابلِ جواز وقت اور مقام پر معائنہ کرنے کے لیے دستیاب ہونا چاہیئے۔

## XVI. تعلیمی سال کے دوران ایک طالبِ علم کی اہلیت کو متاثر کرنے والی تبدیلیاں

A. جائزہ لینے والے اہلکاران کنبے کی مفت اور رعایتی قیمت پر کھانے اہلیت کا فیصلہ تعلیمی سال کے آغاز پر یا آغاز کے وقت کے آس پاس روایتی انداز میں کریں گے۔ مفت یا رعایتی قیمت پر مفادات کے لیے ایک بار منظوری مل جانے کے بعد، ایک کنبہ اگلے تعلیمی سال کے پہلے کاروباری دن کے بعد زیادہ سے زیادہ 30 دنوں کے لیے یا جب نئے تعلیمی سال میں نئی اہلیت کا فیصلہ کیا جائے اس وقت تک اہل رہے گا، جو بھی

پہلے واقع ہو۔

B. تعلیمی سال کے اہلیت کی مراعات کا اطلاق اس وقت نہیں ہوتا ہے جب اہلیت کا ابتدائی فیصلہ غلط تھا یا جب کنبے کی اہلیت کی تصدیق ان مفادات کی سطح کی معاونت نہ کرتی ہو جن (مفادات) کے لیے کنبے کو منظور کیا گیا تھا۔

C. کنبے سے صورتِ حال میں تبدیلی آنے کی رپورٹ کرنا مطلوب نہیں رہا ہے، جیسے کہ آمدنی میں اضافہ، کنبے کے سائز میں کمی ہونا، یا جب کنبہ فوڈ اسٹیمپس یا ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی امداد (TANF) کے مزید اہل نہیں رہا ہو۔

## XVII. اہلیت کو منتقل کرنا

اگر ایک طالبِ علم تعلیمی سال کے دوران محکمئہ تعلیم زیرِ کفالت ناشتہ اور دوپہر کے کھانے (لنچ) پروگرام میں شرکت کرنے والے ایک اسکول سے دوسرے اسکول میں منتقل ہوتا ہے تو موصول کرنے والے اسکول کو مفت یا رعایتی قیمت پر لنچ یا ناشتے کی اہلیت کو برقرار رہنا چاہیئے۔ تمام منتقلیوں کے ساتھ اسکول کے کھانے کی درخواست یا براہِ راست تصدیقی خط کی ایک نقل کا ہونا **لازمی** ہے۔ تعلیمی سال کے وسط میں جن طلبا کو ترقی دی جاتی ہے یا اسکول کی ایک سطح سے دوسری (سطح) منتقل کیا جاتا ہے تو ان کی اہلیت کی حیثیت کو برقرار رکھا جانا چاہیئے۔ ایسی تمام ترقیوں یا منتقلیوں کے ساتھ ان کے اسکول کے کھانے کی درخواست یا براہِ راست تصدیقی خط کی ایک نقل ہونا **لازمی** ہے۔

## XVIII. ریکارڈ کو سنبھال کر رکھنا

A. اسکول کے کھانے کی تمام درخواستوں اور براہِ راست تصدیقی خطوط کو پرنسپل کے ذریعے اور جس مالی سال میں بازادائیگی کے لیے حتمی دعووں کی درخواست کو جمع کروایا گیا تھا اس (سال) کے بعد چار سالوں تک کے عرصے کے لیے سنبھال کر رکھا جانا چاہیئے۔ اسی دورانیے کے لیے، پرنسپل کے لیے تمام ریکارڈز بشمول اپیلوں اور سماعت کی ٹرانسکرپٹس، باز ادائیگی کے لیے ماہانہ دعووں کے فارمز کی معاونت کرنے والے اعداد و شمار (ڈیٹا) کو فائل میں رکھنا لازمی ہے۔ دستاویزات مزید عرصے کے لیے سنبھال کر رکھنا لازمی ہے اگر یہ ایک جانچ پڑتال (آڈیٹ) کے مطلوب ہیں، ان کو اس وقت تک رکھا جانا چاہیئے جب تک جانچ پڑتال سے ابھرنے والے مسائل کو حل کرنے کے لیے مطلوب ہو، اور، یونیورسل اسکول میلز (USM) پروگرام میں شرکت کرنے والے ان اسکولوں کے لیے جن کو توسیع دورانیے (سائیکل) کی منظوری دی گئی ہے۔

B. دستاویزات کو یا تو اسکول میں سنبھال کر رکھا جا سکتا ہے یا مرکزی مقام پر رکھا جا سکتا ہے اور اہل بچوں کی ایک فہرست کو اسکول میں سنبھال کر رکھا جا سکتا ہے۔ اگر LEA دستاویزات کو ایک مرکزی مقام پر سنبھال کر رکھتا ہے تو بچوں کی غیر مشروط اہلیت کی حیثیت کو اسکول کے ذریعے فوری طور پر دستیاب ہونا لازمی ہے، اور LEA کے لیے یہ یقینی بنانا لازمی ہے ہر اسکول کی فہرست میں کسی بھی تبدیلیوں اور اسکول میں اور (اسکول) سے منتقلیوں کی عکاسی درستگی کے ساتھ اور فوری طور پر کی گئی ہے۔ اس طریق کار کا اطلاق ان تمام ریکارڈز پر ہو گا جن پر آن لائن یا اسکینیگ کے نظام کے ذریعے کارروائی کی گئی تھی۔

## XIX. غیر امتیازیت کی یقین دہانی:

A. محکمئہ تعلیم (DOE) کے اسکول میلز پروگرام کے عمل میں کس بھی بچے کے خلاف اس کی نسل، رنگ، مذہب، مسلک، قومیت، قومی نژاد، نقل وطنی، شہریت / نقل وطنی کی حیثیت، جنس، جنسی شناخت، جنسی اظہار، جنسی میلان، یا معذوری کی وجہ سے اس کے خلاف امتیاز **نہیں** کیا جا سکتا۔ کسی بھی بچے کے کھانے کی پوری قیمت ادا کرنے کے قابل نہ ہونے کی وجہ سے کوئی طبیعی چھانٹی نہیں کی جائے اور اس کے ساتھ کوئی بھی دیگر امتیاز نہیں برتا جائے گا۔ طلبا کے لیے اپنے کھانوں کے لیے کام کرنا مطلوب **نہیں** ہے۔

B. مفت یا کم قیمت پر کھانوں کے لیے اہل طلبا کے ناموں کو کسی بھی انداز میں شائع، چسپاں، یا ان کا اعلان نہیں کیا جائے گا۔ ان زمروں میں شامل طلبا کے لیے خاص ٹوکنز یا ٹکٹوں یا کسی بھی طریقے سے کسی بھی

طلبا کی برملا شناخت **نہیں** کی جائے گی ، جیسے کہ علیحدہ لنچ کے کمرے، (کھانا) دینے کے لیے علیحدہ قطار؛ علیحدہ داخلہ، کھانے کے مختلف اوقات؛ مکمل قیمت پر خرید کردہ کھانوں یا دودھ سے مختلف دوپہر کے کھانے (لنچ) اور / یا ناشتے۔

C. جو طلبا مکمل قیمت ادا کرتے ہیں اور جو طلبا رعایتی قیمت ادا کرتے ہیں ان سے (رقم) اکٹھا کرنے کے لیے اسکولوں (رقم) اکٹھا کرنے کے ایسے طریق کار استعمال کرنے چاہیئیں جو یہ یقینی بنائیں کہ اسکول میں کسی بھی دیگر طلبا کو مفت ناشتا / دوپہر کے کھانے موصول کرنے طلبا کی سناخت کا علم ہو گا یا اپنے کھانوں کے لیے رعایتی یا مکمل قیمت پر ادائیگی کرنے والے طلبا کی شناخت کا علم ہو گا۔

## XX. اسکولوں میں متبادل اور خاص پروگرام

متبادل یا خاص پروگراموں اور سرگرمیوں کے لیے، کچھ اسکول دوسرے اسکولوں میں مندرج طلبا کی میزبانی کرتے ہیں۔ جب طلبا ان میزبان اسکولوں میں حاضر ہوتے ہیں، یہ لازمی ہے کہ ان کو ان کی قلم بند کردہ اہلیت کی حیثیت کے مطابق کھانا کھلایا جائے۔ میزبان اسکول کی اس طریق کار کی تکمیل کرنے کو یقینی بنانے کے لیے، یہ تقاضا کیا جاتا ہے کہ میزبان اسکول طالبِ علم کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے ATS اور NPSIS سے رجوع کرے یا اصل (ہوم) اسکول سے طلبا کی اہلیت کی حیثیت کے ساتھ طلبا کے ناموں ایک فہرست کی درخواست کرے۔

## XXI. کھانا دینے سے انکار کرنا

قانون اور ضوابط کے تحت، کسی بھی بچے کو نظم و ضبط کی وجوہات کی بنا پر کھانا دینے سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

## XXII. ضوابط کی پابندی کرنا: فراہم کردہ اور حاصل کردہ کھانوں کے لیے بازادائیگی

A. بچوں کو پیش کیے جانے والے مفت یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے لیے اسکول کے نظام میں مناسب بازادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے ان ضوابط کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔

B. فائل میں موجود کمپیوٹر میچ، اسکول کے کھانے کی اہل درخواستوں، اور براہِ راست تصدیقی خطوط سے زائد تعداد کو پیش کیے جانے والے مفت اور / یا رعایتی قیمت پر کھانوں کی کسی بھی بازادائیگی کو مسترد کیے جانے کے مسئلے کو مربوط خدمات کے مراکز (ISC) کے ایگزیکیٹیؤ ڈائریکٹرز حل کریں گے۔

C. ہرنسپل حضرات کو یہ یقینی بنانے میں ایک سرگرمِ عمل کردار ادا کرنا چاہیئے کہ اسکول کے کھانوں کی مکمل درخواستوں اور تصدیقی خطوط کا بالکل درستگی کے ساتھ جائزہ لیا جائے اور یہ اسکول کی سطح پر تصدیق کے طریق کار سے گزرنے والے تمام اہل طلبا کے لیے فائل میں موجود ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ کھانوں کی خدمات اور دیگر کفالت کردہ پروگراموں کے لیے استعمال کیے جانے حتمی اعداد و شمار کی معاونت اسکول میں فائل میں موجود مطلوبہ دستاویزات کے ذریعے کی جاتی ہے، ISCs کو ان رہنما خطوط کے نفاذ میں مدد کرنی چاہیئے۔

**XXIII. تصدیق**

تحریری ثبوت، پے اسٹب اور ملحقہ معاہدوں جیسے وسیلوں کے ذریعے تصدیق، مفت اور رعایتی قیمت پر کھانوں کی اہلیت کی توثیق ہے۔ اسکولوں کے ذریعے یا آن لائن درخواست یا اسکینگ طریق کار کے ذریعے اسکول کے کھانے کی درخواست کی منظوری کا جائزہ مکمل ہو جانے کے بعد وفاق ضوابط کے تحت تصدیق کے ایک سالانہ طریق کار کا نفاذ کیا جائے گا۔ پرنسپل کو تصدیق کی کارروائی کے نتائج سے مطلع کیا جائے گا۔ اضافی سطوح کے مفادات کا نتیجہ بننے والی اہلیت کی تبدیلیوں کو جلد از جلد کیا جائے گا، لیکن اس کو بچے کی اہلیت کی حیثیت پر حتمی فیصلہ ہوجانے کی تاریخ سے تین کاروباری ایام تک ہو جانا چاہیئے۔ کم تر سطوح کے مفادات کا نتیجہ بننے والی اہلیت کی تبدیلیوں کو بچے کی اہلیت کی حیثیت پر حتمی فیصلہ ہوجانے کی تاریخ سے دس کاروباری ایام کے اندر ہو جانا چاہیئے۔

**XXIV. استفسارات**

اس قرارداد کے متعلق تصدیق کے طریق کار سے پیدا ہونے والے سوالات ذیل کو بھجیے جانے چاہیئں:

Office of SchoolFood

N.Y.C. Department of Education

44-36 Vernon Boulevard

Long Island City, NY 11101

ٹیلیفون:

718-707-4371

فیکس:

718-433-0186

آن لائن یا اسکینگ کے طریق کار کے ذریعے اہلیت کے فیصلوں کے لیے یا اس ضابطے کے کسی بھی حصے کے متعلق سوالات کو ذیل کو بھیجا جانا چاہیئے:

Office of SchoolFood

Compliance and Monitoring Unit

N.Y.C. Department of Education

44-36 Vernon Boulevard

Long Island City, NY 11101

ٹیلیفون:

718-707-4471

فیکس:

718-349-5463